سوال

بینکوں کے حصص کی خریداری

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سعودی عرب میں کام کرنے والے بینکوں مثلا سعودی امریکی بینک، سعودی کمرشل بینک وغیرہ کے حصص کو خریدنا جائز ہے جنہوں نے آج کل فروخت کے لیے اپنے حصص پیش کئے ہیں، رہنمائی فرمائیں، جزاکم اللہ عنا الف خیر؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سودی بینکوں کے حصص کو خریدنا اور بینکوں وغیرہ کے ساتھ سودی معاملات کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ گناہ اور ظلم کی باتوں میں تعاون ہے اور ارشاد باری تعالی ہے :

وَتَعَاوَنوا عَلَى البِرِّ وَالتَّقوىٰ ۖ وَلا تَعاوَنوا عَلَى الإِثمِ وَالعُدوٰنِ ۚ .... ٢ سورة المائدة

"اور نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں تم ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم کی باتوں میں مدد نہ کیا کرو۔"

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج2ص517

محدث فتویٰ